# AHRSC - Model Entry Test Session 2025

| | |
|---|---|
| نام طالب علم: | والد کا نام: |
| ضلع: | رول نمبر: |

| Knowledge and Skill | Marks Obtained | Total Marks |
|---|---|---|
| Language Skills (Urdu) | | 15 |
| Language Skills (English) | | 20 |
| Intelligence Test | | 20 |
| Islamic Knowledge | | 10 |
| General Knowledge | | 20 |
| Mathematics | | 15 |
| **Grand Total:** | | **100** |

| Invigilator: | Paper Checkers Head: | Principal: |
|---|---|---|
| ________________ | ________________ | ________________ |

AHRSC - Test

# Model Paper

**Al-Hijrah Residential School and College**
MA Jinnah Campus, Ziarat, Balochistan

الہجرہ ریزیڈینشل اسکول اینڈ کالج میں خوش آمدید۔ ٹیسٹ حل کرنے سے پہلے یہ ہدایات پڑھ لیں:

ہدایات:

- ٹیسٹ کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اپنے والد کا نام اور ضلع کا نام صاف ستھرا کر کے لکھیں۔
- یہ ٹیسٹ ان علوم اور مہارتوں پر مشتمل ہے: اُردُو، انگلش، ذہنی آزمایش، اسلامیات، معلوماتِ عامہ، ریاضی۔
- ٹیسٹ کے ابتدائی دو صفحے چھوڑ کر باقی ٹیسٹ بارہ (12) صفحات کا ہے۔ اطمیان کر لیں کہ آپ نے تمام صفحات حل کیے ہیں۔
- اُردُو میڈیم اور انگلش میڈیم کے طلبہ کے لیے ایک ہی ٹیسٹ ہے۔ (ایک ہی ٹیسٹ میں انگلش اور اردو کے سوالات ہیں۔)
- ٹیسٹ کا کُل وقت اڑھائی گھنٹے ہے۔ ٹیسٹ کے ہر حصے کو مناسب وقت دیں۔ ٹیسٹ اس طرح حل کریں کہ آخر میں دہرائی کے لیے کچھ وقت مل جائے۔
- ٹیسٹ کا آغاز بسم اللہ اور دوسری دعائیں پڑھ کر کریں۔
- اگر ضرورت پڑے تو ریاضی کے رف کام کے لیے علیحدہ صفحہ مانگ لیں۔

AHRSC - Test

Model Paper

# حصہ زبان کی مہارتیں، اُردُو (15 نمبر)

سوال 1 (الف): درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کا جواب دیں۔ 5

ایک گاؤں میں دو بھائی رہتے تھے، فہد اور زاہد۔ والدین کے انتقال کے بعد خاندانی کھیت ان دونوں میں بٹ گئے۔ فہد ذرا خاموش مزاج اور سنجیدہ تھا جب کہ زاہد خوش مزاج اور لاپرواہ ۔ دونوں کے درمیان محبت گہری تھی، لیکن گھریلو ذمہ داریوں نے انھیں اپنے اپنے کھیتوں تک محدود کر دیا تھا۔ ایک برس بارش کم ہوئی اور فصل کمزور رہی۔ فہد کو کچھ اناج ملا مگر زاہد کی فصل تقریباً برباد ہو گئی۔ فہد کو بھائی کی فکر ستانے لگی۔ اُس نے سوچا، "اگر میرے پاس تھوڑا اناج زیادہ ہے تو یہ زاہد کے کام آسکتا ہے"۔ وُہ رات گئے گھر سے نکلا، دو بوریاں ساتھ لیں اور زاہد کے گودام میں رکھ آیا۔ اگلی صبح زاہد نے بھائی کے بارے میں سوچا اور رات کو فہد کے گودام میں دو بوریاں رکھ آیا۔ کئی راتوں تک یہ سلسلہ چلتا رہا۔ دونوں حیران تھے کہ اناج کم ہونے کے بجائے ویسا ہی رہتا ہے۔ ایک رات جب دونوں اپنی بوریوں کے ساتھ گوداموں کے بیچ پہنچے تو اچانک ایک دوسرے کے سامنے آ گئے۔ چند لمحے خاموشی رہی، پھر دونوں مسکرا کر گلے ملے۔ ان کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ گاؤں والوں نے جب یہ واقعہ سنا تو کہا، "یہی اصل برکت ہے۔ دل بڑے ہوں تو رزق کی تنگی نہیں ہوتی۔"

**سوالات:**

Model Paper

1. لفظ "سنجیدہ" کا اُلٹ جو پیراگراف میں بیان کیا گیا ہے۔

الف خوش مزاج  ب خاموش  ج لاپرواہ  د ذمّہ دار

2. دونوں بھائیوں کے رویّے میں پوشیدہ جذبہ کیا تھا؟ پیراگراف کی روشنی میں بتائیں:

الف دشمنی  ب دوستی  ج محبت  د کوئی جذبہ تھا ہی نہیں

3. انھوں نے ایک دوسرے کی مدد کرنے کا فیصلہ کیوں کیا، حالانکہ خود بھی مشکل میں تھے؟

الف بھائی چارے کی وجہ سے  ب ترس کھا کر  ج بے پرواہ  د ذمّہ دار

4. دونوں بھائی ملے تو اُن کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ یہ آنسو تھے:

الف نقصان کے  ب غم کے  ج افسوس کے  د خوشی کے

5. اگر گاؤں کے دوسرے لوگ بھی ان بھائیوں جیسے ہوتے تو گاؤں کے ماحول میں کیا تبدیلی آئی ہوتی؟

الف امن قائم ہوتا ہے۔  ب بدامنی ہوتی ہے۔  ج آلودگی نہیں ہوتی۔  د کوئی تبدیلی نہیں آتی

سوال 1 (ب): ہر سوال کے سامنے چار جوابات ہیں۔ آپ درست جواب پر ✓ نشان لگائیں: 5

Model Paper

I. اِس جُملے میں کون سا لفظ فعل ہے: "آج گھوڑا پانی پی رہا ہے۔"

الف گھوڑا  ب پانی  ج پی رہا  د آج

II. درست حروفِ علّت لگا کر خالی جگہ پُر کریں: "محنت کرو ــــــــ اس میں برکت ہے۔"

الف اس لیے  ب کیوں کہ  ج چُوں کہ  د تاکہ

AHRSC-Test

III. اِس جُملے میں اسم نکرہ ہے: "اسلم اور اکرم جھیل کی سیر کو گئے۔"

الف اسلم،اکرم  ب اور  ج جھیل  د سیر

Model Paper

IV. درست فعل لگا کر خالی جگہ پُر کریں: "مُرغیاں بہت تیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

الف دوڑتی ہے۔  ب دوڑتی ہیں۔  ج دوڑتیں ہیں۔  د دوڑتے ہیں۔

V. درست لفظ لگا کر جملہ مکمل کریں: "اُستادِ محترم! میں آپ سے ایک۔۔۔۔۔۔ کرنا چاہتا ہوں۔"

الف ارز  ب ارض  ج عرض  د ارذ

سوال 1 (ج): درج ذیل تصویر کو غور سے دیکھیں اور اس کے بارے میں پانچ جُملے لکھیں۔ آپ امدادی الفاظ سے مدد لے سکتے ہیں۔ 5

امدادی الفاظ: چڑیاگھر، علی اور آمنہ، درخت زرافہ، ہرن، کچھوا، سیر، خوش



جُملے یہاں لکھیں:

..........................................................................................................

..........................................................................................................

Model Paper

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

## Part: Language Skills English (20 Marks)

**Q. 2 (a) Read the given passage and answer the questions at the end. 5**

Pollution is the dirtying of our environment. It occurs by adding harmful materials to the air, water, or land. It makes the earth an unhealthy place to live. There are many types of pollution. **Air pollution** is caused by smoke from cars, factories, and burning garbage. It is hard to breathe in polluted air. Polluted air also causes many diseases like asthma. **Water pollution** happens when dirty water from homes or factories goes into rivers, lakes, or oceans. It kills fish and makes the water unsafe for drinking and swimming. **Land pollution** is caused by wastes and chemicals that are thrown on the ground. This pollution can spoil the soil and harm animals that live on land. Many human actions cause pollution like cutting down trees, using too many plastic bags, and throwing garbage in the wrong places. The effects of pollution are serious. It harms nature, makes people sick, and damages the beauty of the earth. That's why it is important for all of us to reduce pollution. We can do this by planting trees, recycling, using less plastic, and keeping our surroundings clean.

Model Paper

**i. What is pollution?**

A Planting more trees in parks
B Cleaning rivers and lakes
C Adding harmful substances to the air, water, or land.
D Keeping the environment safe

**ii. Which of the following is a type of pollution caused by smoke and gases?**

A Land pollution
B Waters pollution
C Noise pollution
D Air pollution

**iii. What is the cause of water pollution?**

A Planting trees near rivers
B Throwing garbage in the dustbin
C Dirty water from homes and factories
D Using clean water to drink

**iv. What is a harmful effect of land pollution?**

A It helps grow more plants
B It makes soil cleaner
C It harms animals that live on land
D It increases the number of trees

**v. How can we help reduce the pollution?**

A Burn more garbage
B Use more plastic bags
C Cut down more trees
D Recycle and plant trees

**Q. 2 (b) Choose the correct answer.** 5

Model Paper

AHRSC - Test

**i.** The hottest season of the year is:

A Winter B spring C summer D autumn

**ii.** Akbar write his letter ______________

A himself B herself C themselves D myself

**iii.** Ali and Ahmad are saying that ______________ will come tomorrow.

A I B we C they D their

**iv.** Aslam solved the question carefully ______________ the answer was wrong.

A And B but C Or D because

**v.** On every Eid day, ______________ feels happy.

A anybody B everybody C nobody D some body

Model Paper

**Q. 2 (c) Choose the correct answer.** **5**

نوٹ: درست جواب کا انتخاب کرنے سے پہلے ہر سوال کو غور سے پڑھیں۔ ہر سوال میں ایک لفظ کے نیچے لائن ہے۔ اس لفظ کی مدد سے سوال
میں دیے گئے tense کو پہچانیں۔ Tense کے بارے میں معلوم ہو جائے تو درست جواب منتخب کریں۔

**i.** Just now, Ali has ______________ completed his homework.

**A** complete **B** completes **C** completed **D** completing

**ii.** He ______________ his village last year.

**A** leaves **B** leaving **C** left **D** leave

**iii.** In every year, autumn ______________ in September.

**A** start **B** starts **C** starting **D** started

**iv.** Ali ______________ to Lahore next month.


**A** go **B** goes **C** will go **D** went

**v.** Akbar ______________ playing now.

**A** is **B** was **C** are **D** am

Q. 2 (d) **Look at the given picture and write 5 sentences to describe what is happening in the scene. Use the words from the word bank.** **5**

**Word Bank:** children – playing – swing – slide – sunny – trees – running – fun – smiling – picnic – ball – family – park – happy – grass – sky



..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

Model Paper

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................




..............................................................................................................................................

## حصہ ذہنی قابلیت (20 نمبر)

**نوٹ:** سوال نمبر 3 (الف) کو حل کرنے سے پہلے اس مثال کو غور سے پڑھیں اور پھر سوال کو حل کریں۔


**مثال:** سوال: نیچے چار تصاویر دی گئی ہیں۔ ان میں سے تین تصاویر میں کوئی ایک خاصیت مشترک ہے جب کہ ایک تصویر میں یہ مشترک خاصیت نہیں۔ جس تصویر میں یہ مشترک خاصیت نہیں، اُس کے گرد دائرہ لگائیں۔





Model Paper

A  B  C  D 

حل: دی گئی تصاویر میں تین تصاویر (A,B,D) میں ایک خاصیت "پالتو جانور ہونا" مشترک ہے۔ جب کہ تصویر (C) زیبرا کی ہے جس میں یہ مشترک خاصیت "پالتو جانور ہونا" نہیں پائی جاتی۔ اس لیے درست جواب کے لیے ہم C پر دائرہ لگائیں گے۔



سوال نمبر 4 (الف): دیے گئے ہر سوال میں چار تصاویر ہیں۔ تین تصاویر میں ایک مشترک خاصیت ہے جو بقیہ ایک تصویر میں نہیں۔ اِس ایک تصویر کو پہچانیں اور اس پر دائرہ لگائیں۔ 5(1x5)



i) A  B  C  D 

ii) A  B  C  D 

Model Paper

AIRC Test

iii) A  B  C  D 

iv) A  B  C  D 

v) A *10* B *100* C *555* D *1000*

سوال نمبر 3(ب): کو حل کرنے سے پہلے اس مثال کو غور سے پڑھیں اور پھر سوال کو حل کریں۔

**مثال:** نیچے کچھ اعداد ایک ترتیب میں۔ اس ترتیب کے مطابق خالی جگہ پُر کرنے کے لیے درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

Fill in the blanks of following sequences by choosing the correct option.

100, 90, 80, 70, ______

**A** 600 **B** 60 **C** 80 **D** 800

**حل:** ترتیب کا پہلا عدد(number) 100 ہے۔ غور کریں تو ترتیب کا ہر اگلا عدد(number) اپنے سے پیچھے آنے والے عدد سے 10 تفریق(subtract) کر کے آتا ہے۔اِسی ترتیب(sequence) سے 70 سے اگلا عدد(number) 10 تفریق(subtract) کر کے 60 آئے گا۔ ہم درست جواب **B** پر نشان لگائیں گے۔ یاد رکھیں کہ ہر اگلا عدد(number) جمع(addition))، ضرب(multiplication) اور تقسیم(division) سے بھی آسکتا ہے۔

Model Paper

سوال 3(ب)۔ خالی جگہ پُر کرنے کے لیے درست جواب کا انتخاب کریں۔ 5(1x5)

**Q. 3. (b) Fill in the blanks by choosing the correct option:**

**i.** 14, 21, 28, 35, ______

**A** 41 **B** 32 **C** 42 **D** 43

**ii.** 21, 18, 15, 12, ______

**A** 9 **B** 10 **C** 15 **D** 8

**iii.** 10, 20, 40, 80, ______

**A** 100 **B** 160 **C** 82 **D** 180

**iv.** 5y, 10y, 15y, ______

**A** 20y **B** 18y **C** 12y **D** 21y

**v.** 2x, 3y, 3x, 4y, 4x, ______

**A** 4y **B** 14x **C** 5y **D** 6y

سوال نمبر 3 (ج) : سوال کو غور سے پڑھیں اور درست جواب کا انتخاب کریں: 7(1x7)

.i سیاہ رنگ علامت ہوتا ہے :

الف غم، رنج اور الم کی ب امن کی ج خوشحالی کی د جدّوجہد کی

Model Paper

.ii جانوروں کی کہانیوں میں جو جانور چالاک مشہور ہے:

الف کُتّا ب بھیڑیا ج لومڑی د شیر

.iii "علم" کے عنوان پر جب مضمون لکھا جاتا ہے یا نظم کہی جاتی ہے تو "علم" کو کہا جاتا ہے:

الف اندھیرا ب رستہ ج روشنی د سیڑھی

.iv ہوا کی آواز ہوتی ہے؟

الف ہائے ہائے ب ٹِک ٹِک ج گاں گاں د سائیں سائیں

AHRSC - Test

v. دیے گئے الفاظ کو غور سے پڑھیں۔ یہ الفاظ پڑھ کر آپ کے ذہن میں کون سا موسم ذہن میں آتا ہے۔

لمبے دن اور چھوٹی راتیں، ہلکا پھلکا لباس، مشرُوبات کا استعمال، ٹھنڈے علاقے میں تفریح

الف سرما ب گرما ج بہار د خزاں

Model Paper

vi. دیے گئے الفاظ کو غور سے پڑھیں۔ یہ الفاظ پڑھ کر آپ کے ذہن میں کون سا شہر آتا ہے، اُس کا انتخاب کریں۔

مُلک پاکستان، صُوبہ بلوچستان، گہرا سمندر، بڑی بندرگاہ

الف کراچی ب پورٹ قاسم ج گوادر د پسنی

vii. دیے گئے الفاظ کو غور سے پڑھیں۔ یہ الفاظ پڑھ کر جو شخصیت ذہن میں آتی ہے، اُس کا انتخاب کریں۔

کراچی میں پیدائش، برطانیہ سے اعلیٰ تعلیم، ایک بڑے وکیل، سیاست میں شرکت، عظیم سیاسی رہنما، زیارت میں قیام، مرحوم

الف علامہ محمد اقبال ب قائدِاعظم محمد علی جناح ج مولانا عبدالستّار ایدھی د ابوالاثر حفیظ جالندھری

سوال نمبر3(د): درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جواب دیں۔ 3(1x3)

اُردُو کے اُستاد صاحب نے طلبہ کو یہ ہدایات دیں "اپنی کاپیاں بستے سے باہر نکالیں۔ ایک نیا صفحہ کھولیں۔ اس صفحہ پر، سب سے اُوپر، دائیں جانب آج کی تاریخ لکھیں۔ پھر تاریخ کے نیچے لائن لگائیں۔ اس کے بعد صفحہ پر پہلی لائن چھوڑ کر نیچے والی تین لائنوں پر گزشتہ سبق کی تین اہم باتیں لکھیں۔ یہ باتیں نُکات کی صُورت میں ہوں۔"

Model Paper

AHRSC-Test

سوالات

i. اگر آپ کو بھی یہی ہدایات دی گئی ہوں تو آپ پہلا کام کیا کریں گے؟

الف تاریخ لکھیں گے۔ ب کاپی کا نیا صفحہ کھولیں گے۔ ج بستے سے کاپی نکالیں گے۔ د لائن لگائیں گے۔

ii. ہدایات کے مطابق آپ دُوسرا کام کیا کریں گے؟

الف نیا صفحہ کھولیں گے۔ ب کاپی نکالیں گے۔ ج لائن لگائیں گے۔ د صفحے کے اُوپر دیکھیں گے۔

iii. صفحہ پر تاریخ کہاں لکھنی ہے؟

الف سب سے اُوپر دائیں جانب ب سب سے اُوپر بائیں جانب ج سب سے نیچے دائیں جانب د کسی بھی جگہ پر

Model Paper
AHRSC - Test
Model Paper

## حصہ اسلامیات (10 نمبر)

سوال نمبر 4: درست جواب کا انتخاب کریں: 10(1x10)

i. مسلمانوں کا بنیادی عقیدہ کیا ہے؟

الف توحید پر ایمان  ب رسالت پر ایمان  ج الہامی کتابوں پر ایمان  د آخرت پر ایمان

ii. قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت کا نام ہے:

الف الفاتحہ  ب البقرہ  ج آلِ عمران  د الملک

iii. وُہ عمل جس سے اللہ کی خوشنودی حاصل ہو کہلاتا ہے:

الف نماز  ب روزہ  ج عبادت  د دُعا

iv. حضرت محمد ﷺ نے کس موقع پر کہا تھا کہ کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی فضیلت حاصل نہیں:

الف خطبہ حجۃ الوداع  ب ہجرت  ج غزوہ بدر  د فتح مکّہ

v. عیدالفطر منائی جاتی ہے:

الف روزے رکھنے کی خوشی میں  ب چاندرات کی خوشی میں  ج قربانی کی خوشی میں  د عیدی ملنے کی خوشی میں

vi. نمازِ جمعہ میں فرض رکعتوں کی تعداد:

الف چار(4)  ب تین(3)  ج دو(2)  د ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

vii. اولاد کو اللہ کی کہا گیا:

الف عنایت  ب عطا  ج نعمت  د تحفہ

viii. آنحضرت ﷺ نے بددیانتی کو نشانی قرار دیا ہے:

الف مشرک کی  ب منافق کی  ج کافر کی  د مسلم کی

ix. ایثار کے لغوی معنی ہیں:

الف معاف کرنا  ب تحفہ دینا  ج سلام کرنا  د ترجیح دینا

x. احسان لفظ ہے:

الف معاف کرنا  ب تحفہ دینا  ج سلام کرنا  د ترجیح دینا

## General Knowledge /(20 نمبر) حصہ معلوماتِ عامہ

Q. 5 Choose the Correct Answer: 10(1x10) سوال نمبر5: درست جواب کا انتخاب کریں:

| No. | Question | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| i. | Gas used in inhaling. سانس لیتے ہوئے گیس استعمال ہوتی ہے: | hydrogen آکسیجن | nitrogen نائٹروجن | oxygen آکسیجن | carbon کاربن |
| ii. | Heart is a part of ___system. دل کس نظام کا حصہ ہے: | nervous نظام عصبی | digestive نظام انہضام | rrespiratory نظام تنفس | circulatory نظام دورانِ خون |
| iii. | The green colour of leaves is due to: پتوں کے سبز رنگ کی وجہ: | oxygen آکسیجن | chloroplast کلوروپلاسٹ | chlorophyll کلوروفِل | nitrogen کاربن ڈائی آکسائڈ |
| iv. | Screwdriver is an example of: پیچ کس مثال ہے: | lever لیور | wheel and axel ویل اور ایکسل | pulley پُلی | fixed pulley فکسڈپُلی |
| v. | Ice is _______ form of water. برف پانی کی ———— حالت ہے۔ | gas گیس | liquid مائع | solid ٹھوس | None of these کوئی بھی نہیں |
| vi. | Gold is a: سونا ایک ہے: | metal دھات | metalloid میٹلائڈ | Non-metal نان میٹل | gas گیس |
| vii. | Wasted water of factories causes pollution فیکٹریوں کا ضائع شدہ پانی کون سی آلودگی پھیلاتا ہے: | air فضائی | land زمینی | noise شور | water آبی |
| viii. | Passing through by light ray: روشنی کی شعاع کا کسی شے سے گزر جانا | transmission ٹرانسمشن | diffusion ڈیفیوژن | reflection رِفلیکشن | absorption ایبسارپشن |
| ix. | Moon is a: چاند ہے: | natural satellite of earth زمین کا قدرتی سیٹلائٹ | artificial satellite of earth زمین کا مصنوعی سیٹلائٹ | natural satellite of sun سورج کا قدرتی سیٹلائٹ | artificial satellite of sun سورج کا مصنوعی سیٹلائٹ |
| x. | Ancient civilization settled: قدیم تہذیبیں قائم ہوتی تھیں: | at rivers' banks دریاؤں کے کنارے | in jungles جنگل میں | in desert صحراؤں میں | in mountains پہاڑوں میں |
| xi. | History is the study of تاریخ مطالعہ کا نام ہے: | present حال کے | future مستقبل کے | past ماضی کے | none ان میں کوئی بھی نہیں |

Model Paper
AHRSC Test
Model Paper

Model Paper

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| xii. | Mo'in Jo Daro means: موئن جو دڑو کا مطلب ہے: | A | mount of dead people مُردوں کا ٹیلہ | B | hill of dead people مُردوں کی پہاڑی |
| | | C | mount of living people زندوں کا ٹیلہ | D | hill of living people زندوں کی پہاڑی |
| xiii. | The biggest continent: سب سے بڑا براِعظم ہے: | A | Australia آسٹریلیا | B | Europe یورپ |
| | | C | Africa افریقہ | D | Asia ایشیا |
| xiv. | According to area, the biggest province of Pakistan: رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ: | A | Sindh سندھ | B | Khyber Pakhtunkhaw خیبر پختون خواہ |
| | | C | Punjab پنجاب | D | Balochistan بلوچستان |
| xv. | An example of natural resources: قدرتی وسائل کی ایک مثال: | A | river دریا | B | machinery مشینری |
| | | C | Road سڑک | D | mason مستری یا معمار |
| xvi. | The official name of Pakistan: پاکستان کا سرکاری نام: | A | People's Republic of Pakistan عوامی جمہوری پاکستان | B | Islamic Republic of Pakistan اسلامی جمہوریہ پاکستان |
| | | C | Pakistan پاکستان | D | Republic of Pakistan جمہوریہ پاکستان |
| xvii. | Not a mean of transport: کوئی ایک جو ذرائع مواصلات نہیں ہے: | A | computer کمپیوٹر | B | railway ریلوے |
| | | C | airplane ہوائی جہاز | D | ship بحری جہاز |
| xviii. | Not a language spoken in Balochistan: زبان جو بلوچستان میں نہیں بولی جاتی: | A | Balochi بلوچی | B | Pashto پشتو |
| | | C | Barahwi براہوی | D | Hindi ہندی |
| xix. | On the south of Pakistan: پاکستان کے جنوب میں واقع ہے: | A | China چین | B | Arabian Sea بحیرہ عرب |
| | | C | Iran ایران | D | Red Sea بحیرہ احمر |
| xx. | Ziarat city is famous for its: زیارت شہر مشہور ہے: | A | bazar بازار | B | Quaid Residency قائد ریزیڈینسی |
| | | C | people لوگ | D | land زمین |

Model Paper

AHRC Test

Model paper

## حصہ ریاضی کی مہارتیں (15 نمبر)

Q. 6 Choose the Correct Answer: 10(1x10) سوال نمبر 6: درست جواب کا انتخاب کریں:

| No. | Question | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| i. | A closed figure having all sides equal and each angle 90°:<br>ایسی بند شکل جس کے چاروں اضلاع برابر ہوں اور ہر زاویہ قائمہ (90°) ہو: | Rectangle مستطیل | Square مربع | Circle دائرہ | Triangle مثلث |
| ii. | If two rays are extending from a point, then, the point is called:<br>اگر دو شعاعیں ایک مشترکہ نکتے سے نکلیں تو یہ نکتہ کہلاتا ہے: | angle زاویہ | line خط | line segment قطع خط | vertex راس |
| iii. | The volume of a cuboid is:<br>ایک مکعب نما کا حجم ہوتا ہے: | lengthxlengthxlength<br>لمبائیxلمبائیxلمبائی | Lengthxlength<br>لمبائیxلمبائی | Lengthxwidthxhight<br>لمبائیxچوڑائیxاونچائی | Lengthxhight<br>لمبائیxاونچائی |
| iv. | If all elements of set A are present in set B, then it is written as:<br>اگر سیٹ A کے تمام ممبران سیٹ B میں موجود ہوں، تو اُسے لکھا جاتا ہے: | A ∩ B | A U B | A ⊂ B | A ⊆ B |
| v. | "0" is first number of:<br>"0" پہلا عدد ہے: | natural number<br>قدرتی اعداد | whole number<br>قدرتی اعداد | real number<br>حقیقی اعداد | None of these<br>ان میں کوئی بھی نہیں |
| vi. | Whole number less than '3' is writes as:<br>'3' سے چھوٹے مکمل اعداد کو لکھا جاتا ہے: | W≤3 | W >3 | N>3 | W <3 |
| vii. | The smallest two digit composite number is:<br>دوہندسوں پر مشتمل سب سے چھوٹا مرکب عدد: | 10 | 11 | 9 | 98 |
| viii. | Ali has Rs 800. He bought two books of Rs 300 and Rs 150. Find the amount left with Ali?<br>علی کے پاس 800 روپے تھے۔ اُس نے 300 اور 150 روپے کی کتابیں خریدیں۔ علی کے پاس کتنی رقم بچی؟ | 450روپے | 530روپے | 350 روپے | 250 روپے |
| ix. | The product of '0' and '– 11' is:<br>'0' اور '– 11' کا حاصل ضرب ہے: | 0 | – 11 | 11 | – 110 |
| x. | The additive inverse of +6 is:<br>+6 کا جمعی معکوس ہے: | 0 | – 6 | 1 | 6 |
| xi. | Write an algebraic expression for: Subtract 4 from the product of x and y<br>الجبری فقرہ لکھیں: x اور y کے حاصلِ ضرب سے 4 کو نفی کریں۔ | xy – 4 | 4 – xy | 4x – y | y – 4x |

Model Paper
AHRSC Test
Model Paper

Model Paper

| | Question | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| xii. | Simplify the ration: مختصر نسبت لکھیں:<br>1 hour: 20 minutes | 60:20 | 6:2 | 3:1 | 1:20 |
| xiii. | Find value of x. x کی قیمت معلوم کریں۔<br>x:5 = 6:10 | 30 | 3 | 12.67 | 12 |
| xiv. | Change 15% in fraction and simplify it.<br>15% کو کسر میں تبدیل کریں اور مختصر صورت میں لکھیں۔ | 15/100 | 3/20 | 20/3 | 7 |
| xv. | The written price of a book is Rs. 200 and the discount is 10%. Find the sale price.<br>ایک کتاب پر درج قیمت 200 روپے ہے۔ اگر کتاب پر 10٪ رعایت ہو تو اس کی قیمت فروخت معلوم کریں۔ | 220 | 20 | 180 | 18 |

ختم شُد۔

AHRSC - Test

Model Paper